حصہ "الف" (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ۱: مندرجہ ذیل سوالات کے صحیح جواب کا انتخاب کریں۔

(۱) ڈاکٹر عبدالسلام کو ________ میں نوبل انعام دیا گیا۔
(الف) کیمسٹری (ب) فزکس (ج) الجبرا (د) بائیولوجی

(۲) محمد بن موسیٰ الخوارزمی نے ریاضی پر ایک اہم کتاب الجبر المقابلہ لکھی۔
(الف) طب (ب) الجبر المقابلہ (ج) القانون (د) کیمیا

(۳) ________ کاربن کی دوسری بہروپی شکل ہے۔
(الف) گریفائیٹ (ب) کاربن (ج) لیتھیم (د) امونیم آکسائیڈ

(۴) ________ ایک آفاقی محلل ہے۔
(الف) بجلی (ب) پانی (ج) گیس (د) پٹرول

(۵) گوشت، دودھ اور مچھلی ہمارے جسم کو ________ فراہم کرتے ہیں۔
(الف) وٹامن ڈی (ب) وٹامن سی (ج) وٹامن اے (د) کوئی وٹامن نہیں

(۶) بنیادی طور پر پاکستان ________ ملک ہے۔
(الف) صنعتی (ب) زرعی (ج) سائنسی (د) کلچرل

(۷) ہم ________ سانس کے ذریعے خارج کرتے ہیں۔
(الف) کاربن ڈائی آکسائیڈ گیس (ب) امونیم آکسائیڈ
(ج) آکسیجن (د) کاربن مونو آکسائیڈ

(۸) وزن کے لحاظ سے پروٹان اور ________ تقریباً برابر ہوتے ہیں۔
(الف) الیکٹران (ب) نیوٹران (ج) پروٹان (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۹) وائرس کا لفظی مطلب ________ ہے۔
(الف) زہر (ب) قاتل (ج) بم (د) ان میں کوئی نہیں

(۱۰) ________ اور قدرتی گیس دو اور بڑے قدرتی ایندھن ہیں
(الف) پٹرولیم (ب) معدنیات (ج) سمندر (د) دریا

(۱۱) ہمارے جسم کے غدود اعلیٰ کا نام ________ ہے۔
(الف) پیچولڈری گلینڈ (ب) آئن گلینڈ (ج) ان میں سے کوئی نہیں

(۱۲) انسانی جسم میں کیلشیم کی مقدار ________ پائی جاتی ہے۔
(الف) 2 فی صد (ب) تین فیصد (ج) چار فیصد (د) ایک فیصد

(۱۳) سب سے کم کمیت والے عنصر کا نام ________ ہے۔
(الف) کاربن (ب) ہائیڈروجن (ج) کیلشیم (د) آکسیجن

(۱۴) پودا اپنی خوراک ________ کی توانائی سے تیار کرتا ہے۔
(الف) سورج (ب) چاند (ج) آگ (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۱۵) الیکٹران ________ برقی چارج ہوتا ہے۔
(الف) منفی (ب) مثبت (ج) چارج نہیں کرتا (د) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: کوئی بھی آٹھ سوال حل کریں ہر سوال کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال ۲: سائنس ایک امدادی ذریعہ یا پھر انسانیت کیلئے نقصان دہ ہے، بحث کریں۔
سوال ۳: زرعی ترقی میں گندھک (سلفر) کے عنصر کی اہمیت واضح کریں۔
سوال ۴: انسانی خوراک کیلئے پروٹین کا ذریعہ بیان کریں۔ جسم کے اندر ان کا اثر انداز ہونا بیان کریں۔
سوال ۵: غذا کے کم سے کم پانچ ذرائع بتائیں جو نشوونما میں مددگار ہوتے ہیں۔
سوال ۶: بیماری کیا ہے؟ کون سے اہم ذرائع بیماریاں پھیلانے کے ذمہ دار ہیں؟
سوال ۷: جنگلی حیات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
سوال ۸: پاکستان کا فانا اور اسکی اہمیت بیان کریں۔
سوال ۹: کچھ ایسے طریقے بتائیں جن سے ہم توانائی کو محفوظ کر سکتے ہیں۔
سوال ۱۰: آب وہوا اور موسم کا فرق بیان کریں اور ان عوامل کے نام بھی بتائیں جو آب وہوا کی تبدیلی کا باعث ہوتے ہیں۔

حصہ "ج" (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں تین سوالات کے جواب دیں۔

سوال ۱۱: مندرجہ ذیل میں کسی بھی دو پر مختصر نوٹ لکھیں۔
(ا) کوئلہ (ب) کمپیوٹر (ج) زراعت (د) شکر

سوال ۱۲: معدنیات کسے کہتے ہیں؟ پاکستان میں کون کون سی معدنیات پائی جاتی ہیں۔ اور کہاں کہاں پائی جاتی ہیں؟
سوال ۱۳: پاکستان کے لئے سائنس اور ٹیکنالوجی کی اہمیت کیا ہے؟ وضاحت سے بیان کریں؟
سوال ۱۴: نیوران سے کیا مراد ہے؟ عصبی نیوران میں انگی اہمیت کیا ہے؟
سوال ۱۵: زمین کے کٹاؤ سے کیا مراد ہے؟ اس کے کیا کیا نقصانات ہیں؟
سوال ۱۶: قانون بقائے توانائی کو بیان کیجئے اور اس کی کچھ مثالوں سے وضاحت کیجئے۔